# سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ 2023

# SINDHACT NO.IV OF 2023

# سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس ایکٹ، 2021

# THE SINDH FUND MANAGEMENT HOUSE ACT, 2021

## (CONTENTS)فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات

Short title, extent and commencement

2۔ تعریف

Definitions

3۔ ہاؤس کا قیام

Establishment of the House

4۔ ہاؤس کے اختیارات اور کام

Powers and Functions of the House

5۔ بورڈ

Board

6۔ بورڈ کے اجلاس

Meetings of the Board

7۔ بورڈ کے اختیارات اور کام

Powers and Functions of the Board

8۔ سرمایہ کاری کمیٹی

Investment Committee

9۔ ضمانت

Indemnity

10۔ قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

11۔ رکاوٹ ہٹانا

Removal of difficulty

12۔ منسوخی

Repeal

# سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ 2023

# SINDHACT NO.IV OF 2023

# سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس ایکٹ، 2021

# THE SINDH FUND MANAGEMENT HOUSE ACT, 2021

[7مارچ2023]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس کا قیام، کام اور قواعد فراہم کیئے جائیں گے۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ حکومت کے فنڈز کی سرمایہ کاری، اور ان کی سندھ صوبے میں اثاثوں کے موثر انتظامات کے لیئے سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس کے قیام، افعال اور ضوابط فراہم کرنا، اور ان سے متعلقہ معاملات کے لیئے گنجائشیں بنانا ضروری ہو گیا ہے۔

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

## باب-I

## شروعاتی

## Chapter-I

## Preliminary

| | |
|---|---|
| 1۔(1) اس ایکٹ کو سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس ایکٹ، 2021 کہا جائے گا۔<br>(2)اس کو پورے سندھ صوبے تک توثیق دی جائے گی۔<br>(3)یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔ | مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات<br>Short title, extent and commencement |
| 2۔اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے برعکس نہ ہو، تب تک:<br>(a)"انتظامی ادارہ" سے مراد محکمہ، دفتر، اتھارٹی، ایجنسی، تنظیم، فاؤنڈیشن، بورڈ، باڈی کارپوریٹ یا حکومت کے زیر ضابطہ انتظام کے تحت کوئی دوسرا ادارہ۔<br>(b)"بورڈ" سے مراد دفعہ 5 کے تحت بنایا گیا سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس بورڈ؛<br>(c)"بورڈ کا چیئرپرسن" سے مراد دفعہ 5 کے تحت بورڈ کا چیئرپرسن؛<br>(d)"چیف انویسٹمنٹ آفیسر" سے مراد دفعہ (2)5 کے مطابق ہاؤس کا چیف انویسٹمنٹ آفیسر؛<br>(e)"نامزد فنڈ" سے مراد سرمایہ کاری کے مقصد کے لیئے انتظامی ادارے کا فنڈ؛<br>(f) "فنانس ڈیپارٹمنٹ" سے مراد سندھ حکومت کا فنانس ڈیپارٹمنٹ؛<br>(g)"مالی اثاثہ" سے مراد قواعد کے مطابق بیان کردہ مالی اثاثہ؛<br>(h)"مالی سال" سے مراد اکاؤنٹنگ کا عرصہ جو کہ یکم جولائی سے شروع ہو گا اور پھر آنیوالے جون کی تیسویں دن پر ختم ہو گا؛ | تعریف<br>Definitions |

(i) "حکومت" سے مراد سندھ حکومت؛

(j) "ہاؤس" سے مراد دفعہ 3 کے تحت قائم کردہ سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس؛

(k) "سرمایہ کاری" سے مراد مالی فوائد حاصل کرنے کے مقصد کے لیئے مالی اثاثے کی سرمایہ کاری کا طریقہ؛

(l) "سرمایہ کاری کمیٹی" سے مراد دفعہ 8 کے تحت سرمایہ کاری کمیٹی بنائی جائے گی؛

(m) "سرمایہ کاری پالیسی" سے مراد رکھے گئے فنڈ کے لیئے سرمایہ کاری کے مقاصد، سرمایہ کاری کی حکمت عملیاں اور سرمایہ کاری پابندیوں کو بیان کرنے کے لیئے کاغذی شکل میں دیا گیا اصولوں کا مجموعہ؛

(n) "بورڈ کا میمبر" سے مراد دفعہ (1)5 کے مطابق بورڈ کا میمبر؛

(o) "خرچہ" سے مراد رکھے گئے فنڈ کو سنبھالنے پر آنیوالے خرچہ؛

(p) "قواعد" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد؛

(q) "سیکریٹری فنانس" سے مراد فنانس ڈیپارٹمنٹ، حکومت سندھ کا سیکریٹری؛اور

(r) "واپسی" سے راد سرمایہ کاری یا دوسرے اخراجات کے مقصد کے علاوہ کسی دوسرے مقصد کے لیئے رکھے گئے فنڈ میں فنڈ نکلوانا۔

## باب-II
## سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس

## Chapter–II

## Sindh Fund Management House

ہاؤس کا قیام
Establishment of

3۔ہاؤس اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق فنانس ڈیپارٹمینٹ حکومت سندھ میں ایک یونٹ قائم کیا گیا ہو گا۔

the House

هاؤس کے اختیارات اور کام
Powers and Functions of the House

4۔(1)ہاؤس کو اس ایکٹ کی گنجائشوں اور قواعد کے مطابق درج ذیل اختیارات اور کام ہوں گے۔

(a)مالی اثاثوں میں رکھے گئے فنڈز کی سرمایہ کاری اور انتظام کرنا جیسا بورڈ کی طرف سے یا سرمایہ کاری کمیٹی کی طرف سے منظوری دی جائے، ہر رکھے گئے فنڈ کی منظور شدہ سرمایہ کاری پالیسی کے مطابق؛اور

(b)دیگر دوسرے کام سرانجام دینا اور ایسے اختیارات استعمال کرنا جیسا اس ایکٹ کے مطابق بنائے گئے قواعد کے تحت بیان کیا جائے اور حکومت کی طرف سے اسے سونپا جائے۔

(2)تمام انتظامی، مالی، اور ہاؤس کے مینجمینٹ کے کام اس طرح چلائے جائیں گے، جیسا قواعد میں بیان کیا گیا ہو۔

بورڈ
Board

5۔(1)ہاؤس بورڈ کی طرف سے چلایا جائے گا، جو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق بنایا جائے گا، بورڈ درج ذیل میمبران پر مشتمل ہو گا:

| | | |
|---|---|---|
| (a) | وزیر اعلیٰ | چیئرپرسن / میمبر |
| (b) | وزیر مالیات / وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے خزانہ | میمبر |
| (c) | چیف سیکریٹری سندھ | وائس چیئرپرسن / میمبر |

| | | |
|---|---|---|
| (d) | چیئرپرسن، پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ | میمبر |
| (e) | سینئر میمبر بورڈ آف روینیو | میمبر |
| (f) | سیکریٹری فنانس ڈیپارٹمینٹ | میمبر |
| (g) | سیکریٹری (جی اے) جنرل ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈینیشن ڈیپارٹمینٹ | میمبر |
| (h) | صوبائی اسیمبلی سندھ کے دو میمبر (ایک مرد ایک عورت) اسپیکر کی طرف سے نامزد کیئے جائیں گے؛ | میمبر |
| (i) | چیف انویسٹمینٹ آفیسر؛ | بورڈ کا سیکریٹری |

(2) ایک چیف انویسٹمینٹ آفیسر ہو گا، جو کہ بورڈ کے سیکریٹری کے طور پر کام کرے گا اور ایسی ذمہ داریاں سرانجام دے گا، جیسا قواعد کے مطابق بیان کی گئی ہوں۔

بورڈ کے اجلاس
Meetings of the Board

6۔(1) بورڈ جتنی بار ضروری ہو اجلاس کرے گا لیکن ہر مالی سال میں ایک بار سے کم نہیں کرے گا۔

(2) بورڈ کے پانچ میمبر کورم بنائیں گے۔

(3) سندھ کے وزیراعلیٰ کی غیر موجودگی کی صورت میں وائس چیئرپرسن بورڈ کے چیئرپرسن کے طور پر کام کرے گا۔

(4) بورڈ کا فیصلہ موجود میمبران کی اکثریت رائے کی بنیاد پر کیا جائے گا، برابر ہونے کی صورت میں، چیئرپرسن کو حتمی ووٹ کا حق حاصل ہو گا۔

بورڈ کے اختیارات اور کام
Powers and Functions of the

7۔(1) بورڈ کو حکومت کی منظوری کے لیئے انویسٹمینٹ پالیسی پرپوزل بھیجنے کے اختیارات حاصل ہوں گے۔

Board

(2) بورڈ کو ایسے نامزد فنڈ کے لیئے سرمایہ کاری کی پالیسی کے مطابق نامزد فنڈ کی سرمایہ کاری کی منظوری دینے کے اختیارات حاصل ہوں گے۔

(3) بورڈ کے پاس اختیارات ہوں گے کہ وہ کسی انتظامی ادارے کی طرف سے باضابطہ درخواست پر فنڈ سے رقم نکلوانے کی منظوری دے سکے، اور نامزد فنڈ سے اخراجات کی منظوری دے، اگر بورڈ ایسا فیصلہ کرتا ہے تو بورڈ کی توثیق سے مشروط ایسے اختیارات سیکریٹری خزانہ کو تفویض کیئے جاسکتے ہیں۔

(4) بورڈ اپنے کوئی بھی اختیارات انویسٹمینٹ کمیٹی کو منتقل کر سکتا ہے، سوائے دفعہ (1)7 میں فراہم کردہ اختیارات کے۔

## باب-IV
## سرمایہ کاری کمیٹی

## Chapter-IV
## Investment Committee

سرمایہ کاری کمیٹی
Investment Committee

8۔(1) حکومت اس ایکٹ کی گنجائشوں اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد کے مطابق نامزد فنڈ کی سرمایہ کاری کو سنبھالنے کے لیئے ایک یا زائد سرمایہ کاری کمیٹیز بنائے گی۔

## باب-V
## متفرقات

## Chapter-V
## Miscellaneous

ضمانت
Indemnity

9۔اس ایکٹ یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کے مطابق اچھی نیت سے کچھ بھی کرنے کے ارادے پر بورڈ، ہاؤس، چیئرپرسن، میمبرز اور ہاؤس کے ملازمین کے خلاف کوئی بھی مقدمہ، یا دوسری قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

| | |
|---|---|
| قواعد بنانے کا اختیار<br>Power to make rules | 10۔ حکومت اس ایکٹ کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔ |
| رکاوٹ ہٹانا<br>Removal of difficulty | 11۔ اگر اس ایکٹ کی کسی بھی گنجائش کو موثر بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے، حکومت ایسی رکاوٹ ہٹانے کے لیئے ایسا حکم کر سکتی ہے، جو کہ اس ایکٹ کی گنجائشوں سے ٹکراؤ میں نہ ہو۔ |
| منسوخی<br>Repeal | 12۔ سندھ فنڈ مینجمینٹ ہاؤس ایکٹ 2013 (2013 کا سندھ ایکٹ نمبر XLV) منسوخ کیا جاتا ہے۔ |
| | **نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام عوام کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔** |